# اجتماع نصاب 2026

## ناصرات الاحمدیہ

## فنلینڈ

# حسن قرآت

ججز کی مرضی کے مطابق مندرجہ ذیل سورتوں میں سے تلاوت کریں گی۔ زبانی یاد کرنے کے کوئی اضافی نمبر نہیں ہوں گے ججز کو حق حاصل ہو گا کہ مقررہ کو جہاں مناسب سمجھیں روک دیں۔ زیادہ تر پوائنٹس بنیادی تلفظ اور تجوید کے لیے مختص کیے جائیں گے

معیار اول: سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ تا سُوْرَةُ النَّاسِ

معیار دوم: سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ تا سُوْرَةُ النَّاسِ

معیار سوم: سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ تا سُوْرَةُ النَّاسِ

# حفظ قرآن

ججز کی مرضی کے مطابق مندرجہ ذیل سورتوں میں سے زبانی تلاوت کریں گی ججز کو حق حاصل ہو گا کہ مقررہ کو جہاں مناسب سمجھیں روک دیں۔

تجوید کے بنیادی قواعد کا اطلاق ضروری ہو گا۔

معیار اول: سُوۡرَۃُ الۡاَعۡلٰی، سُوۡرَۃُ التِّیۡنِ، سُوۡرَۃُ الۡقَدۡرِ

معیار دوم: سُوۡرَۃُ التِّیۡنِ، سُوۡرَۃُ الزِّلۡزَالِ، سُوۡرَۃُ الۡمَاعُوۡنِ

معیار سوم: سُوۡرَۃُ الۡمَاعُوۡنِ، سُوۡرَۃُ الۡکٰفِرُوۡنَ، سُوۡرَۃُ الۡفَلَقِ

## مقابلہ قصیدہ

معیار اول اشعار 1تا30

معیار دوم اشعار 1تا18

معیار سوم اشعار 1تا12

## نظم

نصاب کے علاوہ پڑھی جانے والی نظم کے نمبر نہیں دیئے جائیں گے۔ خوش الحانی، تلفظ، دھن، تخلیق (خود نئی دھن بنانے کے) اور زبانی یاد کرنے کے نمبر دیئے جائیں گے۔ کوئی سے 3 اشعار پڑھے جا سکتے ہیں۔ اشعار کو دہرانے کی اجازت ہو گی۔

# معیار اول

## (از درثمین)

ہے شکر رب عزوجل خارج از بیاں
جس کے کلام سے ہمیں اُس کا ملا نشاں
وہ روشنی جو پاتے ہیں ہم اس کتاب میں
ہو گی نہیں کبھی وہ ہزار آفتاب میں
اس سے ہمارا پاک دل وسینہ ہو گیا
وہ اپنے منہ کا آپ ہی آئینہ ہو گیا
جتنے درخت زندہ تھے وہ سب ہوئے ہرے
پھل اس قدر پڑا کہ وہ میووں سے لد گئے
لوگو سنو کہ زندہ خدا وہ خدا نہیں
جس میں ہمیشہ عادت قدرت نما نہیں

بدرگاہ ذی شان خیر الأنام
شفیع الوری، مرجع خاص و عام
بصَد عجز و منتَ بصَد احترام
یہ کرتا ہے عرض آپ کا اک غلام
کہ اے شاہ کوئین عالی مقام
علیک الصلوۃ علیک السلام
حسینانِ عالم ہوئے شرمگیں
جو دیکھا وہ حُسن اور وہ نور جبیں
پھر اس پر وہ اخلاق اکمل تریں
کہ دشمن بھی کہنے لگے۔ آفریں
زہے خُلق کامل زہے حسن تام
علیک الصلوۃ علیک السلام
خلائق کے دل تھے یقیں سے تہی
بتوں نے تھی حق کی جگہ گھیر لی
ضلالت تھی دُنیا پر وہ چھا رہی
کہ توحید ڈھونڈے سے ملتی نہ تھی
ہوا آپ کے دم سے اُس کا قیام
علیک الصلوۃ السلام علیک

(از بخارِ دل)

حمد و ثنا اُسی کو جو ذات جاودانی
ہمسر نہیں ہے اس کا کوئی۔ نہ کوئی ثانی
باقی وہی ہمیشہ، غیر اس کے سب ہیں فانی
غیروں سے دل لگانا جھوٹی ہے سب کہانی
سب غیر ہیں وہی ہے اک دل کا یار جانی
دل میں مرے یہی ہے سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ
ہے پاک پاک قدرت عظمت ہے اسکی عظمت
لرزاں ہیں اہل قربت کروبیوں پر ہیبت
ہے عام اس کی رحمت کیونکر ہو شکر نعمت
ہم سب ہیں اُس کی صنعت اُس سے کرو محبت
غیروں سے کرنا الفت کب چاہے اُس کی غیرت
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

(از در ثمین)

# معیار دوم

(از درِ ثمین)

حمد و ثنا اُسی کو جو ذات جاودانی
ہمسر نہیں ہے اس کا کوئی۔ نہ کوئی ثانی
باقی وہی ہمیشہ، غیر اس کے سب ہیں فانی
غیروں سے دل لگانا جھوٹی ہے سب کہانی
سب غیر ہیں وہی ہے اک دل کا یار جانی
دل میں مرے یہی ہے سُبحَانَ مَنْ یَّرَانِی
ہے پاک پاک قدرت عظمت ہے اسکی عظمت
لرزاں ہیں اہل قربت کروبیوں پر ہیبت
ہے عام اس کی رحمت کیونکر ہو شکر نعمت
ہم سب ہیں اُس کی صنعت اُس سے کرو محبت
غیروں سے کرنا اُلفت کب چاہے اُس کی غیرت
یہ روز کر مبارک سُبحَانَ مَنْ یَّرَانِی

(از درِ ثمین)

ہے شکرِ ربِ عزوجل خارج از بیاں
جس کے کلام سے ہمیں اُس کا ملا نشاں
وہ روشنی جو پاتے ہیں ہم اس کتاب میں
ہو گی نہیں کبھی وہ ہزار آفتاب میں
اس سے ہمارا پاک دل و سینہ ہو گیا
وہ اپنے منہ کا آپ ہی آئینہ ہو گیا
جتنے درخت زندہ تھے وہ سب ہوئے ہرے
پھل اس قدر پڑا کہ وہ میووں سے لد گئے
لوگو سنو کہ زندہ خدا وہ خدا نہیں
جس میں ہمیشہ عادت قدرت نما نہیں

(از در ثمین)

کبھی نصرت نہیں ملتی در مولیٰ سے گندوں کو
کبھی ضائع نہیں کرتا وہ اپنے نیک بندوں کو
وہی اس کے مقرب ہیں جو اپنا آپ کھوتے ہیں
نہیں راہ اس کی عالی بارگہ تک خود پسندوں کو
یہی تدبیر ہے پیارو کہ مانگو اس سے قربت کو
اُسی کے ہاتھ کو ڈھونڈو جلاؤ سب کمندوں کو

# معیار سوم

(از در ثمین)

خدا کے پاک لوگوں کو خدا سے نصرت آتی ہے
جب آتی ہے تو اک عالم کو اک عالم دکھاتی ہے
وہ بنتی ہے ہوا اور ہر خس رہ کو اُڑاتی ہے
وہ ہو جاتی ہے آگ اور ہر مخالف کو جلاتی ہے
کبھی وہ خاک ہو کر دشمنوں کے سر پہ پڑتی ہے
کبھی ہو کر وہ پانی اُن پر اک طوفان لاتی ہے
غرض رکتے نہیں ہر گز خُدا کے کام بندوں سے
بھلا خالق کے آگے خلق کی کچھ پیش جاتی ہے

(از در ثمین)

کبھی نصرت نہیں ملتی در مولی سے گندوں کو
کبھی ضائع نہیں کرتا وہ اپنے نیک بندوں کو
وہی اس کے مقرب ہیں جو اپنا آپ کھوتے ہیں
نہیں راہ اس کی عالی بارگہ تک خود پسندوں کو
یہی تدبیر ہے پیارو کہ مانگو اس سے قربت کو
اُسی کے ہاتھ کو ڈھونڈو جلاؤ سب کمندوں کو

(از در ثمین)
حمد و ثنا اُسی کو جو ذات جاودانی
ہمسر نہیں ہے اس کا کوئی۔ نہ کوئی ثانی
باقی وہی ہمیشہ، غیر اس کے سب ہیں فانی
غیروں سے دل لگانا جھوٹی ہے سب کہانی
سب غیر ہیں وہی ہے اک دل کا یار جانی
دل میں مرے یہی ہے سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِي
ہے پاک پاک قدرت عظمت ہے اسکی عظمت
لرزاں ہیں اہل قربت کروبیوں پہ ہیبت
ہے عام اس کی رحمت کیونکر ہو شکر نعمت
ہم سب ہیں اُس کی صنعت اُس سے کرو محبت
غیروں سے کرنا الفت کب چاہے اُس کی غیرت
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِي

# اردو تقریر

قواعد : مندرجہ تقاریر کے علاوہ کی گئی تقریر مقابلہ میں شامل نہیں کی جائے گی۔ . مقررہ کا انداز بیاں صاف اور شستہ ہونا چاہیئے۔ مقررہ کا انداز تقریر، روانی اور تلفظ نوٹ کیا جائے گا۔

## معیار اول: وقت 5 منٹ

«۔پردہ
«۔ ٹیکنالوجی کا مثبت استعمال
«۔ خلافت کی اہمیت

## معیار دوم: وقت 3 منٹ

«۔اسلام ایک پُرامن مذہب ہے
«حضرت محمد ﷺ کا بچوں سے پیار
«کتاب پڑھنے کی اہمیت

## معیار سوم: وقت 3 منٹ

» ہمارے پیارے حضور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

» سچ بولنا کیوں ضروری ہے

» میں احمدی مسلمان ہوں

# مقابلہ دینی معلومات

(معیار اول 1 تا 75) (معیار دوم 1 تا 45) (معیار سوم 1 تا 25)

سوال1:۔ اللہ تعالیٰ کا ذاتي نام کیا ھے اور اس سے کیا مرادھے؟
جواب۔ ذاتي نام اللہ ھے وہ ذات جو تمام خوبیوں کي جامع اور تمام نقائص سے پاک ھے۔
سوال2:۔ اسلام کے معني کیا ھیں؟
جواب۔ فرمانبرداري اور اطاعت۔
سوال3:۔ اسلام کي بنیادي ارکان بتائیں؟
جواب۔ اسلام کے پانچ بنیادي ارکان ھیں۔

1۔ کلمہ طیبہ
2۔ نماز
3۔ رمضان کے روزے
4۔ زکوٰۃ
5۔ حج

سوال4:۔ ارکان ایمان کتنے اور کون کون سے ھیں؟
جواب۔ چھ ھیں۔ 1۔ اللہ تعالیٰ پر ایمان
2۔ اسکے فرشتوں پر ایمان
3۔ اسکي کتابوں پرایمان
4۔ اس کے رسولوں پر ایمان
5۔ یوم آخرت پر ایمان
6۔ خیر وشر کي تقدیر پر یقین رکھنا

سوال5:۔ قرآن کریم کي کتني سورتیں اوررکوع هیں؟
جواب ۔ قرآن کریم کي114 سورتیں اور 558 رکوع هیں۔
سوال6:۔ قرآن کریم کي سب سے بڑي اور سب سے چھوٹي سورة کونسي هے؟
جواب۔ سورة البقرہ سب سے بڑي اور سب سے چھوٹي سورة الکوثر هے۔
سوال7:۔۔ قرآن کریم کي پهلي اور آخري سورة کا نام بتائیں؟
جواب۔ پهلي سورت سورة الفاتحہ هے اور آخري سورت سورة الناس هے۔
سوال8:۔ قرآن کریم کي کس سورة میں بسم اللہ دو دفعہ آئي هے۔
جواب۔ سورة النمل میں ۔
سوال9:۔ قرآن کریم کي کس سورة سے پهلے بسم اللہ نهیں آئي اور کیوں؟
جواب۔ سورة توبہ کے شروع میں کیونکہ یہ سورة پهلي سورة انفال کا هي حصہ هے۔
سوال10:۔۔ قرآن کریم کتنے عرصہ میں نازل هوا؟
جواب۔ قریباً 23 سال میں۔
سوال21:۔ آپؐ کي کتني صاحبزادیاں تهیں اور ان کے نام کیا هیں؟
جواب۔ آپؐ کي چار صاحبزادیاں تهیں۔
حضرت زینب رضي اللہ تعالیٰ عنها، حضرت رقیہ رضي اللہ تعالیٰ عنها، حضرت اُم کلثوم رضي اللہ تعالیٰ عنها، حضرت فاطمہ الزهرارضي اللہ تعالیٰ عنها

۔سوال22:۔آپؐ نے کتنی عمر میں دعویٰ نبوت کیا؟
جواب۔ آپؐ نے چالیس برس کی عمر میں دعویٰ نبوت کیا۔
سوال23:۔مردوں ، عورتوں اور بچوں میں سب سے پہلے آپؐ پر کون ایمان لایا؟
جواب۔ مردوں میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عورتوں میں حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنھا اور بچوں میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپؐ پر ایمان لائے۔
سوال24:۔ اُس فرشتے کا نام بتائیں جنھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچایا؟
جواب۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام۔
سوال25:۔آنحضرت ﷺ کا وصال کب اور کس عمر میں ھوا؟
جواب۔ آپؐ 26 مئی 632 ء بمطابق یکم ربیع الاول 11 ھجری کو63 سال کی عمر میں اپنے رفیق اعلیٰ سے جا ملے۔
سوال26:۔ آنحضرت ﷺ نے دعویٰ نبوت کے بعد کتنی عمر پائی؟
جواب۔ قریباً 23 سال۔
سوال27:۔ حدیث کسے کھتے ھیں؟
جواب۔ حدیث ان لفظی روایات کا نام ھے جو آنحضرتﷺ کے اقوال و افعال اور احوال کے متعلق بیان کی گئی۔

سوال28:۔سنت کسے کھتے ھیں؟
جواب۔ آنحضرتﷺ کے طریقہ عمل کو سنت کھتے ھیں۔

سوال29:کس صحابي رضي الله تعاليٰ عنہ اور کس صحابیہ رضي الله تعاليٰ عنھاسے زیادہ احادیث مروي ھیں؟
جواب۔ حضرت ابو ھریرہ رضي الله تعاليٰ عنہ اور حضرت عائشہ رضي الله تعاليٰ عنھا سے۔
سوال30:۔ خلفائے راشدین سے کون مراد ھیں؟
جواب۔ خلفائے راشدین سے حضرت محمدﷺ کے پھلے چار خلفاء )جانشین (مراد ھیں۔
سوال31:۔ خلفائے راشدین کے درست ترتیب سے نام لکھیں؟
جواب۔ حضرت ابوبکر صدیق رضي الله تعاليٰ عنہ،
حضرت عمر فاروق رضي اله تعاليٰ عنہ،
حضرت عثمان رضي الله تعاليٰ عنہ
اور حضرت علي مرتضيٰ رضي الله تعاليٰ عنہ۔
سوال32:۔ اسلام کا ظھور کس سن عیسوي میں ھوا؟
جواب۔ 610 ء میں۔
سوال33:۔ جب مکہ میں کافروں نے آپﷺ پر انتھائي ظلم کئے تو آپﷺ نے کس شھر ھجرت کي؟
جواب۔ مدینہ
سوال34:۔ مدینہ منورہ کا پھلا نام کیا تھا؟
جواب۔ اس کا پھلا نام یثرب تھا۔ جب آنحضرت ﷺ یھا ں تشریف لائے تو اسے مدینۃ الرسول ﷺ کھا جانے لگا۔
سوال35:۔آنحضرتؐ کي پیشگوئي کے مطابق مسیح مو عود کون ھیں؟
جواب۔ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیاني علیہ السلام۔

سوال36:۔ حضرت مسیح موعودؑ کب اور کھاں پیدا ھوئے؟
جواب۔ آپؑ13 فروري1835ء بروز جمعة المبارک قادیان میں پیدا ھوئے۔
سوال37:۔ حضرت مسیح موعودؑ کے والد اور والدہ کا نام کیا تھا؟
جواب۔ والد کا نام حضرت مرزا غلام مرتضيٰ صاحب اور والدہ کا نام حضرت چراغ بي بي صاحبہ تھا؟

سوال39:۔ آپؑ کو ماموریت کا پھلا الھام کب ھوا؟
جواب۔ 1882 ء کو الھام ھوا۔
سوال۔ آپؑ نے پھلي بیعت کب اور کھاں لي؟
جواب۔23 مارچ1889 ءکو لدھیانہ) بھارت (میں۔ آپ نے پھلي بیعت حضرت صوفي احمد جان کي مکان پر لي۔
سوال40:۔ حضرت مسیح موعودؑ نے کل کتني کتابیں لکھیں؟
جواب۔ کل85 ۔
سوال41:۔ کوئي سے2 کتابوں کے نام بتائیں جو حضرت مسیح موعودؑ نے لکھیں؟
جواب۔ کشتي نوح، براھین احمدیہ۔
سوال42:۔ حضرت مسیح موعودؑ کے کوئي دو الھام بتائیں؟
جواب۔1 ۔ میں تیري تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پھنچاؤں گا۔

سوال38:۔ حضرت مسیح موعودؑ کي دوسري شادي کس سے ھوئي؟

جواب۔ حضرت سیدہ نصرت جھاں بیگم صاحبہ رضي اللہ تعالیٰ عنھا سے )حضرت اماں جان(۔

2۔ کیا اللہ تعالیٰ اپنے بندہ کے لئے کافي نھیں؟

سوال43:۔ حضرت مسیح موعودؑ کا یوم وصال بتائیں؟

جواب۔26 مئي1908 ءکو حضورؑ نے لاھور میں وفات پائي۔

سوال44:۔ حضرت مسیح موعودؑ کي تدفین کھاں ھوئي؟

جواب۔ بھشتي مقبرہ قادیان میں۔

سوال45:۔ خلفائے احمدیت سے کون مراد ھیں؟

جواب۔ حضرت مسیح موعودؑ کے خلفاء) جانشین (کو خلفائے احمدیت کھتے ھیں۔

سوال46:۔ خلفائے احمدیت کے نام درست ترتیب سے لکھیں؟

جواب۔ حضرت حکیم مولوي نورالدین صاحب رضي اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمدصاحب رضي اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت مرزا ناصر احمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت مرزا طاھر احمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت مرزا مسرور احمد صاحب ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

سوال47:۔ باني سلسلہ احمدیہ کا کیا نام ھے؟

جواب۔ حضرت مسیح موعودؑ حضرت مرزا غلام احمد قادیاني علیہ السلام

سوال48:۔ جماعت احمدیہ کا پہلا جلسہ سالانہ کب اور کہاں منعقد ہوا؟
جواب۔ 27 دسمبر1891 ءکو بیعت اقصیٰ قادیان میں۔
سوال49:۔ جماعت احمدیہ نے سو سالہ خلافت جوبلی کب منائی؟
جواب۔ 27 مئی2008 ءکو ۔
سوال50:۔ پہلے پاکستانی احمدی کون تھے جنہیں نوبل انعام حاصل ہوا؟
جواب۔ مکرم پروفیسر ڈاکٹر عبد السلام صاحب۔
سوال51:۔ ناصرات الاحمدیہ کی تنظیم کس نے قائم کی؟
جواب۔ حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔
سوال52:۔ ایم ٹی اے کا کیا مطلب ہے؟
جواب۔ مسلم ٹیلی ویژن احمدیہ۔
سوال53:۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اور عالمی عدالت انصاف کے پہلے احمدی صدر کون تھے؟
جواب۔ حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
سوال54:۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کب خلیفہ بنے۔
جواب:۔ 27 مئی1908 کو خلیفہ بنے۔
سوال55:۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کے والد اور والدہ کا نام بتائیں؟
جواب۔ والد کا نام حافظ غلام رسول صاحب ، والدہ کا نام حضرت نور بخت صاحبہ۔

سوال56:۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل نے حج بیت اللہ کی سعادت کب پائی؟
جواب۔ 1865 میں۔
سوال57:۔۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ تعالیٰ عنہ پہلی بار کب حضرت مسیح موعودؑ سے ملے؟
جواب۔1885 ء میں۔
سوال58:۔ حضرت خلفیۃ المسیح الاوّل کی اطاعت کے بارہ میں حضرت مسیح موعودؑ نے کیا فرمایا؟
جواب۔ ہر ایک امر میں میری اس طرح پیروی کرتے جیسے نبض کی حرکت تنفس کی حرکت کی پیروی کرتی ہے۔
سوال59:۔ خلافت اولیٰ کی تین اہم تحریکات کے نام بتائیں؟
جواب۔ بیت المال کا قیام، لنگر خانہ کا باقاعدہ انتظام ،
اخبار نور اور اخبار الحق کا اجراء، مدرسہ احمدیہ کا قیام ،
قادیان میں پبلک لائبریری کا قیام۔
سوال60:۔حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کب خلیفہ بنے؟
جواب۔ 14 مارچ 1914ء ۔
سوال61: ۔حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد اور والدہ کا نام بتائیں۔
جواب۔ والد کا نام حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام اور والدہ کا نام حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

سوال62:۔ حضرت خلیفة المسیح الثاني رضي اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت مصلح موعود رضي اللہ تعالیٰ عنہ کھتے ھیں۔ مصلح موعود کے کیا معنیٰ ھیں؟
جواب۔ 'مصلح' کے معني ھیں اصلاح کرنے والایا نیکی کي طرف لانے والا۔ 'موعود' کے معني ھیں وعدہ کیا گیا۔
سوال63:۔ حضرت خلیفة المسیح الثاني رضي اللہ تعالیٰ عنہ کے تین الھامی نام بتائیں؟
جواب۔ فضل عمر، محمود اور بشیر۔
سوال64:۔ حضرت مصلح موعودرضي اللہ تعالیٰ عنہ نے جماعت کي تقسیم کتني ذیلی تنظیموں میں کي؟ ان ذیلی تنظیموں کے نام لکھیں۔
جواب۔ آپ نے جماعت کي تقسیم پانچ ذیلی تنظیموں میں کي جو یہ ھیں۔
1۔ انصار اللہ2 ۔ خدام الاحمدیہ3 ۔ اطفال الاحمدیہ4 ۔ لجنہ اماء اللہ
5۔ ناصرات الاحمدیہ
سوال65:۔ حضرت مصلح موعودرضي اللہ تعالیٰ عنہ کي دو تحریکات کے نام بتائیں؟
جواب۔ تحریک جدید، وقف زندگی۔

سوال :66 خلافت خامسہ کا انتخاب کب ھوا اور کون خلیفہ بنے؟
جواب :خلافت خامسہ کا انتخاب 22 اپریل 2003 کو ھوا۔
حضرت خلیفة المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
حضرت صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
خلیفہ بنے۔

سوال :67 حضورِانور ایدہ اللہ تعالیٰ کي پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟
جواب :آپ کي پیدائش 15 ستمبر1950 ء کو ربوہ میں ہوئي ۔
سوال :68 حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے والد صاحب اور والدہ صاحبہ کا نام بتائیں۔
جواب :آپ کے والد محترم کا نام حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب اور والدہ محترمہ کا نام حضرت صاحبزادي ناصرہ بیگم صاحبہ تھا۔
سوال :69 حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا حضرت مسیح موعودسے کیا رشتہ ھے؟
جواب :آپ حضرت مسیح موعودکے پڑپوتے ھیں۔
سوال :70 حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ وقفِ زندگی کرکے کب اور کس ملک میں گئے تھے ؟
جواب :آپ اگست1977ء میں زندگی وقف کر کے گھانا گئے تھے نصرت جھاں سکیم کے تحت ۔
سوال :71 حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے گھانا میں کس فصل کے اگانے کا کامیاب تجربہ کیا؟
جواب :آپ نے خدا تعالي کے فضل سے پھلي مرتبہ گھانا میں گندم اگانے کا کامیاب تجربہ کیا۔
سوال :72 حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ ایک مقدمے میں کب اسیرِراہِ مولیٰ رھے؟
جواب :حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ 30 اپریل1999 ء کو اسیر راہ مولي ھوئے ۔10 مئي کو رھا ھوئے ۔

سوال :73 حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے سب سے پہلے خطاب میں جماعت کو کیا پیغام عطا فرمایا؟

جواب :"احباب جماعت سے صرف ایک درخواست ہے کہ آجکل دعاؤں پر زور دیں، دعاؤں پر زور دیں، دعاؤں پر زور دیں بہت دعائیں کریں، بہت دعا کریں،بہت دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ اپنی تائید و نصرت فرمائے اور احمدیت کا یہ قافلہ اپنی ترقیات کی طرف رواں دواں رہے آمین ۔"

سوال :74 حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں حضرت مسیح موعود کا ایک الہام ہے اس کے کیا الفاظ ہیں؟

جواب :اِنِّی مَعَكَ یَامَسۡرُوۡرُ ۔ ترجمہ :"اے مسرور میں تیرے ساتھ ہوں "

# مقابلہ شرائط بیعت

قواعد: شرائط بیعت زبانی سنی جائے گی مقررہ کی روانی اور تلفظ نوٹ کیا جائے گا۔
منصفین کرام آپکو کسی بھی شرط بیعت سے سنانے کا کہ سکتی ہیں منصفین کرام کو حق حاصل ہو گا کہ وہ دوران مقابلہ مقررہ کو جہاں مناسب سمجھیں روک دیں۔
معیار اول (اول تا ھشتم)
معیار دوم (اول تا چھارم)
معیار سوئم (اول تا دوم)

اوّل: ۔ بیعت کنندہ سچے دل سے عھد اس بات کا کرے کہ آئندہ اس وقت تک کہ قبر میں داخل ہو شرک سے مجتنب رھے گا۔
دوم: ۔ یہ کہ جھوٹ اور زنا اور بد نظری اور ہر ایک فسق و فجور اور ظلم اور خیانت اور فساد اور بغاوت کے طریقوں سے بچتا رہے گا اور نفسانی جوشوں کے وقت ان کا مغلوب نہیں ہو گا اگرچہ کیسا ہی جذبہ پیش آوے۔

سوم: ۔یہ کہ بلاناغہ پنج وقتہ نماز موافق حکم خدا اور رسول کے ادا کرتا رہے گا۔ اور حتي الوسع نماز تہجد کے پڑھنے اور اپنے نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنے اور ہر روز اپنے گناہوں کي معافي مانگنے اور استغفار کرنے میں مداومت اختیار کرے گا۔ اور دلي محبت سے خدا تعالیٰ کے احسانوں کو یاد کر کے اس کي حمد اور تعریف کو اپنا ہر روزہ ورد بنائے گا۔

چہارم: ۔ یہ کہ عام خلق اللہ کو عموما اور مسلمانوں کو خصوصا اپنے نفساني جوشوں سے کسی نوع کي ناجائز تکلیف نہیں دے گا۔نہ زبان سےنہ ہاتھ سے نہ کسی اور طرح سے۔

پنجم: ۔یہ کہ ہر حال رنج اور راحت اور عسر اور یسر اور نعمت اور بلا میں خدا تعالیٰ کے ساتھ وفاداري کرے گا اور بہر حالت راضی بقضا ہو گا اور ہر ایک ذلت اور دکھ کے قبول کرنے کے لئے اُس کي راہ میں تیار رہے گا اور کسی مصیبت کے وارد ہونے پر اُس سے منہ نہیں پھیرے گا بلکہ آگے قدم بڑھائے گا۔

ششم: ۔ یہ کہ اتباع رسم اور متابعت ہواوہوس سے باز آجائے گا اور قرآن شریف کي حکومت کو بکلي اپنے سر پر قبول کرے گا اور قَالَ اللّٰہ اور قَالَ الرَّسُول کو اپنے ہر یک راہ میں دستورالعمل قرار دے گا۔

ہفتم: ۔ یہ کہ تکبر اور نخوت کو بکلي چھوڑ دے گا اور فروتنی اور عاجزي اورخوش خلقي اور حلیمي اور مسکیني سے زندگی بسر کرے گا۔

ھشتم: ۔ یہ کہ دین اور دین کی عزت اور ھمدردیٔ اسلام کو اپنی جان اور اپنے مال اور اپنی عزت اور اپنی اولاد اور اپنے ھر یک عزیز سے زیادہ تر عزیز سمجھے گا۔

نھم: ۔ یہ کہ عام خلق اللہ کی ہمدردی میں محض للہ مشغول رہے گا اور جھاں تک بس چل سکتا ھے اپنی خداداد طاقتوں اور نعمتوں سے بنی نوع کو فائدہ پھنچائے گا۔

دھم: ۔ یہ کہ اس عاجز سے عقد اخوت محض للہ با قرار طاعت در معروف باندھ کر اس پر تا وقت مرگ قائم رہے گا اور اس عقد اخوت میں ایسا اعلیٰ درجہ کا ھو گا کہ اس کی نظیر دنیوی رشتوں اور تعلقوں اور تمام خادمانہ حالتوں میں پائی نہ جاتی ہو۔

مجموعہ اشتہارات جلد 1 ص 189 تا 190)

# حفظ خصوصی

قواعد: یہ مقابلہ لازمی نہیں ہے اس میں تمام ناصرات اپنی خواہش کے مطابق شامل ہوسکتی یہ ٹارگٹ یااس کا کم سے کم 50 فی صد جو بھی ناصرات مکمل کریں گے ان کو اجتماع کے موقع پر خصوصی انعام دیا جائے گا۔ ناصرات ایک ایک سورت یا قصیدے کا کچھ حصہ جیسے جیسے وہ یاد کریں ساتھ ساتھ سنا سکتی ہیں مزید مدد کے لیے آپ اپنی سیکرٹری ناصرات سے رابطہ کر سکتی ہیں۔ آخری تاریخ 31 جولائی ہے۔

. آخری 30 سورتیں حفظ کرنی ہیں

. نماز اور دعائے قنوت کا مکمل ترجمہ

. قصیدہ مکمل حفظ کرنا ہے

# مقابلہ کیلی گرافی

معیار اول

درج ذیل قرآنی آیت اور اس کا ترجمہ انگریزی یا اردو میں سے کوئی ایک ترجمہ لکھ سکتی ہیں۔

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

سنو! اللہ ہی کے ذکر سے دل اطمینان پکڑتے ہیں۔

Aye! it is in the remembrance of Allah that hearts can find comfort

معیار دوم

درج ذیل حدیث اور اس کا ترجمہ انگریزی یا اردو میں سے کوئی ایک ترجمہ لکھ سکتی ہیں۔

اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ حیا ایمان کا حصہ ہے۔

Modesty is part of Faith

معیار سوئم

درج ذیل حدیث اور اس کا ترجمعہ انگریزی یا اردو میں سے کوئی ایک ترجمعہ لکھ سکتی ہیں۔

اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ

طہارت، پاکیزگی اور صاف ستھرا رہنا بھی ایمان کا حصہ ہے۔

Cleanliness is the part of faith

# مقابلہ صنعت ودستکاری

کروشیہ سے کوئی بھی چیز بنائیں

یا

رسائیکل شدہ مٹیریل کو استعمال کرتے ہوئے ماڈل بنائیں ماڈل کسی بھی اسلامی واقعہ

، عقیدہ، یا عمارت کا ہو سکتا ہے

+